Islamiat (Urdu Medium) - FSC Part 1 Islamiat Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. اسلامی تعلیمات کی رو سے طبی علم کی کیا اہمیت ہے؟

Ans 1: اسلامی تعلیمات کی رو سے طبی علم کی بہت زیادہ اہمیت ہے.قرآن مجید میں ارشاد ہے "جو کچھ زمینمیں ہے وہ سب اللہ نے انسان کے لئے پیدا کیا ہے".

Q2. پہلی نزول وحی کا واقعہ تحریر کریں.

Ans 1: حضور(ص) عبادت الہی کے لیے گار حرام میں تشریف لے جاتے تھے،جب آپ(ص) کی عمر چالیس برس ہوئی تو جبرائیل امین غار حرا میں تشریف لائے اور کہا پڑھ آپ(ص) نے فرمایا میں پڑھا لکھا نہیں. تین بار یہی سوال و جواب ہوتا رہا اور چوتھی بار جبرائیل امین نے آپ(ص) کو پکڑ کر دبایا اور چھوڑ کر سورۃ العلق کی پہلی پانچ آیتیں پڑھی اس طرح وحی کا نزول ہوا.

Q3. اسلام سے قبل تعلیم کی کیا اہمیت تھی؟

Ans 1: ظہور اسلام سے قبل عربوں کا ذوق و شوق تو کجا شرفاء میں لکھنے پڑھنے کو عیب سمجھا جاتا ہے.پڑھے لکھے آدمی خال خال نظر آتے تھے.اسلام آیا تو مسلمان کا ایک ایک گھر تفسیر و حدیث اور فقہ کا دارلعلوم بن گیا.

Q4. کن دو چیزوں کو مضبوطی تھامے کا حکم دیا گیا ہے.

Ans 1: قرآن اور سنت رسول اللہ دو چیزوں کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کا حکم ہے،پھر پھر گمراہ ہونے سے بچ سکو گے.

Q5. اصول اربعہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اصول اربعہ سے مراد فقہ جعفریہ کی احادیث کے ذخائر کی چار کتب ہیں،جن میں سے دو کتب کے نام درج ذیل ہیں. 1.الکافی 2.تہذیب الاحکام

Q6. قرآن پاک کا انداز بیان کیسا ہے؟

Ans 1: قرآن پاک کا انداز بیان پیار اور دل کش ہے،جو سامعین کو اپنی طرف مائل کرتا ہے اس میں بلا کی تاثیر ہے جو سننے والے کے دل میں اترتی ہے اس کے چھوٹے چھوٹے جملوں میں بے شمار معانی و مطالب پوشیدہ ہوتے ہیں،یہ تمام انسانوں کو براہ راست خطاب کرتا ہے.

Q7. آپ(ص) نے خطبہ حجتہ الوداع کب اور کہاں دیا؟

Ans 1: آپ(ص) نے خطبہ حجتہ الوداع 10 ہجری کو میدان عرفات میں ارشاد فرمایا.

Q8. مسجدیں دنیا کی بہترین جگہ ہیں وضاحت کریں.

Ans 1: مسجدیں دنیا کی بہترین جگہ ہیں،حدیث نبوی(ص)ہے."دنیا کے بدترین مقامات بازار اور بہترین جگہ مساجد ہیں"اس کے لئے بدترین مقامات پر کم ازکم بار مجبوری جانا چاہئے اور بہترین مقام یعنی مسجد میں زیادہ سے زیادہ جانا چاہئے،

Q9. قرآن پاک کو کیسے سننے کا حکم دیا گیا ہے؟

Ans 1: مومن کا دل تلاوت قرآن پاک کے وقت جہاں کانپ اٹھتا ہے اس کے ساتھ اس کے دل میں سکون کی کیفیت بھی طاری ہوجاتی ہے،گویا بدن اور دل نرم پڑنے کا مطلب ہی سکون کا حاصل ہوجانا ہے جو رحمت الہی کے نزول کا نتیجہ ہے،کیونکہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے کہ قرآن کے وقت سکون و رحمت کا نزول ہوتا ہے ، اس لیے اس وقت رحمت الہی کا امیدوار بننے کے لیے قرآن مجید کو توجہ اور خاموشی سے سننے کا حکم ہے.

Q10. چار کاتبین وحی کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.حضرت ابوبکر(رض) 2.حضرت عمر فاروق(رض) 3.حضرت عثمان غنی(رض) 4.حضرت علی (رض)